**23.01.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کیرالہ میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا اور نئی ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ مرکز نے، تمل ناڈو میں ترقی کیلئے 11 سال میں 11لاکھ کروڑ روپے خرچ کئے ہیں۔ انھوں نے زور دیکر کہا کہ مرکز–ریاست تال میل، بہبود کی اسکیموں کے موثر نفاذ کو یقینی بناتا ہے۔

☆ انفارمیشن اور ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ عالمی مینوفیکچررز، ڈیزائن کی صلاحیتوں، ٹیلنٹ اور مربوط پالیسیوں کیلئے بھارت آرہے ہیں۔

☆ UN کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت میں غیر ملکی براہِ راست سرمایہ کاری کی آمد میں پچھلے سال 73فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ روس، یوکرین اور امریکہ کے حکام نے ایک امن منصوبہ تیار کرنے کیلئے ابوظہبی میں ملاقات کی۔

☆ پورے شمالی بھارت اور مدھیہ پردیش نیز راجستھان میں اتوار تک گہری دُھند چھائے رہنے کی وارننگ

☆ اور رائے پور میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوسرا ٹی–ٹوینٹی بین الاقوامی میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Kerala**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کیرالہ کے شہر تیرونتھا پورم میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا اور نئی ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ انھوں نے پی ایم سوانِدھی کریڈٹ کارڈ کا آغاز کیا اور ایک لاکھ مستفیدین کو پی ایم سوانِدھی قرضے تقسیم کئے۔ جناب مودی نے چار نئی ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اِن میں تین امرت بھارت ایکسپریس ٹرینیں شامل ہیں۔ تیرونتھا پورم میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ NDA سرکار کنکٹی ویٹی، سائنس اور اختراع نیز صحت دیکھ بھال کے شعبے میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پورا ملک وکست بھارت کے مقصد کے تئیں جاں فشانی سے کام کر رہا ہے نیز یہ کہ شہر اِس امر میں ایک بڑا رول ادا کرتے ہیں۔x

**PM TN**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ تمل ناڈو، سرکار کی تبدیلی کیلئے تیار ہے۔ انھوں نے کہا کہ DMK کا دور ترقی کرنے میں ناکام رہا اور یہ بدعنوانی، جرائم اور موروثی سیاست کی علامت بن گیا ہے۔ تمل ناڈو کے چنگل پٹّو کے ضلع میں Maduranthakam کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ DMK کی سرکار نے نوجوانوں، کسانوں اور خواتین کی بہبود کو نظرانداز کیا ہے اور یہ تمل ثقافتی اقتدار کو سربلند رکھنے میں ناکام رہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ NDA سرکار نے تمل ناڈو کی ترقی کیلئے پچھلے 11 سالوں میں 11لاکھ کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔

**S/B PM**

ایک ڈبل انجن سرکار کے تحت تیز تر ترقی کا وعدہ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ مرکز اور ریاست کے درمیان بہتر تال میل، بہبود کی اسکیموں کے موثر نفاذ کو یقینی بناتا ہے۔ AIADMK کے جنرل سکریٹری اور اپوزیشن کے لیڈر Edappadi K. Palaniswami اور سابق مرکزی وزیر Anbumani Ramadoss نے بھی جلسے سے خطاب کیا۔x

**PM Parakram Diwas**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ نیتاجی سبھاش چندر بوس نہ صرف جدوجہد آزادی کے عظیم ہیرو تھے بلکہ وہ آزاد بھارت کا نظریہ بھی رکھتے تھے۔ انڈمان ونکوبار جزائر میں پراکرم دِوَس پروگرام سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے آج خطاب کرتے ہوئے آج وزیر اعظم مودی نے کہا کہ نیتاجی نے نہ صرف ایک ایسے ملک کا خواب دیکھا جو جدید ہو بلکہ بھارت کی قدیم روایات سے بھی اُس کی جڑیں وابستہ ہوں۔ انھوں نے واضح کیا کہ نیتاجی کی شجاعت اور بہادری ملک کے عوام کو تحریک دیتی ہے اور اُن کے دلوں کو احترام سے بھر دیتی ہے۔

**S/B 2100 PM Prakaram Diwas**

اس سال پراکرم دِوَس کی اصل تقریب انڈومان ونکوبار میں منعقد کی جارہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ انڈومان کی سرزمین اِس عقیدے کی علامت ہے کہ آزادی کا نظریہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔x

**Republic Day Tableau Rehrsl**

قومی راجدھانی دلّی میں 77ویں یومِ جمہوریہ پریڈ کی تیاریاں، زور و شور سے جاری ہیں۔ پریڈ کے دوران کرتویہ پتھ پر ملک کی ثقافت، فوجی طاقت اور گونا گوں ورثے کا منفرد امتزاج پیش کیا جائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ.........

**VC Saklen Akhtar**

قومی راجدھانی میں آج کرتویہ پتھ پر بارش کے باوجود یومِ جمہوریہ پریڈ کی فُل ڈریش ریہرسل کی گئی۔ یومِ جمہوریہ پریڈ کے دوران مسلح افواج کے دستے اور مختلف ریاستیں جھانکیوں کے ذریعے بھارت کی ثقافتی تنوع اور

شمولیت کا نظارہ پیش کریں گے۔ اس دوران پیر کے روز دلّی میٹرو، کرتویہ پتھ تک لوگوں کی آمد و رفت کو آسان بنانے اور یومِ جمہوریہ تقریبات کا نظارہ کرانے کیلئے صبح 3 بجے سے اپنی خدمات کا آغاز کرے گی۔

دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Pargati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2015 میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے PRAGATI پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔آج ہم اس خصوصی سیریز کے تحت اترپردیش میں مئو – غازی پور – Tarighat نئی براڈ گیج ریلوے لائن کا جائزہ لیں گے۔

**VC: Anuparm Mishra**

اترپردیش میں 51 کلو میٹر طویل مئو – غازی پور – Tarighat نئی براڈ گیج ریلوے لائن ریل بنیادی ڈھانچے کا ایک کایاپلٹ اقدام ہے۔ اس کی منظوری ایک ہزار 765 کروڑ روپئے کی لاگت کے ساتھ دی گئی تھی۔ اس کا مقصد مشرقی اترپردیش میں ریل کنکٹی ویٹی میں اضافہ کرنا، دور دراز کے اور زراعتی اضلاع کو قومی ریلوے نیٹ ورک کے ساتھ مربوط کرنا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 26 ستمبر 2018 میں پرگتی پلیٹ فارم میں اِس کا جامع جائزہ لیا تھا۔ اترپردیش کی سرکار کو ہدایت دی گئی تھی کہ وہ مہم جویانہ پیمانے پر آراضی کے حصول کا کام مکمل کرے اور تمام باقی ماندہ کاموں کی سپردگی کرے، جس سے مئو اور غازی پور میں ضلع انتظامیہ فاسٹ ٹریک نوٹیفکیشن، مشترکہ سروے، معاوضے کی ادائیگی اور فزیکل قبضے کا کام پورا کرسکیں۔پروجیکٹ نے صد فیصد کام پورا کیا اور 6 مارچ 2024 کو اِسے کمیشن کیا گیا۔ مئو–غازی پور–Tarighat براڈ گیج لائن نے مشرقی اترپردیش کو دور رَس سماجی واقتصادی فوائد پہنچائے ہیں۔

دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں حبیب الرحمن

## Vaishnaw Netherlands

الیکٹرانکس اور معلومات ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج اِس بات پر زور دیا کہ بھارت کی ابھرتی ہوئی سیمی کنڈکٹر صنعت کیلئے ایڈوانسڈ لیتھو گرافی کی ٹیکنالوجی کی اہمیت ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ نیدرلینڈ کے اُن کے دورے کے دوران، اُن کا مقصد لیتھو گرافی سے تعلق رکھنے والی ایڈوانسڈ ٹیکنالوجیوں کو سمجھنا تھا۔ انھوں نے کہا کہ گجرات کے شہر Dholera میں بننے والی سیمی کنڈکٹر فیبری کیشن فیسلیٹی، ایڈوانسڈ سیمی کنڈکٹر میٹیریل لیتھو گرافی کمپنی سے حاصل ہونے والے آلات استعمال کرے گی جو لیتھو گرافک ٹولس فراہم کرنے والی دنیا کی سرکردہ کمپنی ہے۔x

## FDI India

اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سال 2025میں راست غیر ملکی سرمایہ کاری، FDI کا حجم 73فیصد بڑھ کر 47ارب امریکی ڈالر ہوگیا ہے۔ رپورٹ نے FDI میں اضافے کو ملک کو عالمی سپلائی چین اور مینوفیکچرنگ اور خدمات میں بڑی سرمایہ کاریوں سے مربوط کرنے کو منسوب کیا۔ اقوام متحدہ کے تجارت اور ترقی کی کانفرنس، UNCATD کی جانب سے جاری گلوبل انوسمینٹ ٹرینڈس مانیٹر میں بتایا گیا ہے کہ چین میں راست غیر ملکی سرمایہ کاری، لگاتار تیسرے سال بھی گھٹی ہے اور اِس میں 8فیصد کی کمی کے بعد اِس کے 107اعشاریہ پانچ ارب امریکی ڈالر رہنے کا اندازہ ہے۔ راست غیر ملکی سرمایہ حاصل کرنے والے دنیا کے سب سے بڑے ملک، امریکہ کے FDI میں 2فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ x

## Gujarat Waiver

گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے گجرات رُورَل ہاؤسنگ بورڈ کے مستفیدین کے سود کے جرمانے معاف کرنے کا اہم اعلان کیا۔ فیصلے کے مطابق دیہی کنبوں کو مکانات کی اُن کی مجموعی قسطوں پر دو فیصد ماہانہ سود کے جرمانے سے چھوٹ دینے والی راحت اسکیم متعارف کرائی گئی ہے۔ اِس فیصلے سے 9ہزار سے زیادہ دیہی کنبوں کو مالی راحت ملے گی، جن کے مجموعی طور پر 154 کروڑ روپے سے زیادہ کا سود معاف کیا جائے گا۔ x

## Giriraj IIGF

ٹیکسٹائل کے وزیر گری راج سنگھ نے کہا ہے کہ ٹیکسٹائل کے شعبے نے گزشتہ دہائی کے دوران زبردست ترقی کا مظاہرہ کیا ہے اور یہ سال 2014 کے 8اعشاریہ 4لاکھ کروڑ سے بڑھ کر آج تقریباً 16لاکھ کروڑ روپے ہوگیا ہے۔ آج نئی دلّی میں 74ویں انڈیا انٹرنیشنل گارمینٹ فیئرز– IIGF-2026 کا افتتاح کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ سال 2025میں گھریلو بازار بھی 6لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر 13لاکھ کروڑ روپے ہوگیا ہے، جبکہ ملک کی برآمدات میں بھی عالمی وبا کے بعد 25فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ x

## Ukraine US Russia Meeting

روس، یوکرین اور امریکہ کے درمیان دو روزہ سہ رخی مذاکرات، ابوظہبی میں جاری ہے۔ یہ تقریباً چار سال پہلے یوکرین پر روس کی جنگ شروع ہونے کے بعد تینوں ملکوں کے درمیان پہلی براہ راست چوٹی کانفرنس ہے۔ ماسکو میں دیر رات تک روسی صدر ولادیمیر پوتن اور امریکی سفیروں Steve Witkoff اور Jared Kushner کے درمیان ہوئی بات چیت کے بعد یہ ملاقاتیں ہو رہی ہیں۔

روسی وفد کی قیادت GRU فوجی انٹیلیجنس ایجنسی کے سربراہ ایڈمرل Igor Kostyukov کر رہے ہیں۔ یوکرین کی مذاکراتی ٹیم میں وزیر دفاع رُستم عمیروف اور انٹیلیجنس حکام شامل ہیں۔ وہیں امریکہ کی نمائندگی Witkoff اور Kushner کر رہے ہیں۔

مذاکرات کے دوران امریکہ کی جانب سے ترتیب دیئے گئے امن منصوبے، حفاظتی گارنٹیوں اور اقتصادی اقدامات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اِس دوران مقبوضہ علاقے، خصوصاً **Donbas** خطے کی صورتحال پر مذاکرات کافی اہمیت کے حامل ہوں گے۔**x**

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے دو سے تین دن کے دوران پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں گھنا کہرا چھائے رہنے سے متعلق **Orange** الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے ہماچل پردیش، مدھیہ پردیش اور راجستھان میں اِس مہینے کی **25** تاریخ تک گھنے کہرے کے حالات سے متعلق پیشگوئی کی ہے۔ اِسی طرح کے حالات **26** جنوری تک ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں بھی رہیں گے۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ اگلے دو دن کے دوران شمال مغربی بھارت میں کم از کم درجۂ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کی بتدریج کمی واقع ہوگی۔اس دوران دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں ہوا کے معیار میں معمولی بہتری آئی ہے۔ آج شام **7** بجے دلّی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ **285** درج کیا گیا۔ **x**

## Weather Update Uttarakhand

اتراکھنڈ میں، بدری ناتھ، کیدارناتھ، گنگوتری اور یمنوتری کے تیرتھ استھانوں اور دیگر بالائی علاقوں میں برفباری نیز نشیبی علاقوں میں بارش کی وجہ سے درجۂ حرارت میں کمی ہوئی ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC**

طویل مدت کے بعد ریاست کے پہاڑ برف کی سفید چادر سے ڈھک گئے ہیں۔ چمولی ضلع کے بالائی علاقوں میں برفباری ہوئی، جس میں بدری ناتھ، ہیم کُنڈ صاحب، **Auli**، نیتی ویلی اور **Mana** علاقے شامل ہیں۔ رودر پریاگ ضلع میں کیدارناتھ دھام اور **Triyuginarayan** میں برفباری کی خبر ملی ہے جب کہ **Harshil** وادی سمیت گنگوتری اور یمنوتری میں بھی برفباری ہوئی ہے۔**x**

## Chattisgarh Maoists Surrender

چھتیس گڑھ میں آج **9** ماؤنوازوں نے **Dhamtari** ضلع میں خودسپردگی کی۔ خودسپردگی کرنے والے ماؤنوازوں میں **7** خواتین شامل ہیں۔ ان پر مجموعی طور سے **47** لاکھ روپئے کا انعام تھا۔ ماؤنوازوں نے رائے پور رینج کے **IGP** امریش مشرا اور **Dhamtari** ضلع کے **SP** سورج سنگھ پریہار کے سامنے خود سپردگی کی۔ انھوں نے بہت سے ہتھیار بھی سونپے، جن میں دو **INSAS** رائفلیں، دو **SLRs**، ایک کاربائن اور ایک بندوق کے علاوہ دیگر ہتھیار شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ ماؤنواز ریاست کے **Sitanadi** علاقے کے ساتھ ساتھ نگری، مین پور اور **Gobra** علاقے میں فعال تھے۔**x**

## Jharkhand Maoist Encounter Update

جھارکھنڈ کے Saranda جنگل میں سکیورٹی فورسز اور نکسلی شورش پسندوں کے درمیان جھڑپ آج مسلسل دوسرے روز جاری رہی۔ آج صبح دونوں طرف سے فائرنگ میں ایک خاتون نکسلی ہلاک ہوگئی۔ اس کے ساتھ گذشتہ دو دنوں میں ہلاک ہونے والے نکسلیوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 16ہوگئی ہے۔ Chaibasa کے SP امت رینو نے اِس جھڑپ کی تصدیق کی اور کہا کہ علاقے میں سکیورٹی میں اضافہ کردیا گیا ہے۔ پورے خطے میں تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔x

## Cricket T-20

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کے سامنے جیت کیلئے 209رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ رائے پور کے شہید ویر نارائن سنگھ انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔ اِس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

آخری خبریں ملنے تک بھارت نے 4اوورز میں 2وکٹ کے نقصان پر 42رن بنا لئے ہیں۔

سوریہ کمار یادو کی قیادت والی بھارتی ٹیم فی الحال سیریز میں ایک–صفر سے آگے ہے۔ بھارت نے سیریز کے شروعات میچ میں نیوزی لینڈ کو 48رن سے شکست دی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆